162985 ـ فرضی نماز كے بعد ماتھے پر ہاتھ ركھ كر كوئى دعا كرنی سنت نہيں

سوال

فرضی نماز كے بعد ماتھے پر ہاتھ ركھ كر ايك دعا پڑھی جاتی ہے، ميں اس كے متعلق حديث معلوم كرنا چاہتا ہوں كہ يہ كونسی حديث ميں وارد ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

احاديث نبويہ سے ثابت ہے كہ جب نبی كريم صلی اللہ عليہ وسلم فرضی نماز سے فارغ ہوتے تو تين بار استغفر اللہ كہتے اور پھر اللھم انت السلام و منك السلام تبارك يا ذا الجلال و الاكرام پڑھتے.

اور آيۃ الكرسی اور سورۃ الاخلاص اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ايك بار پڑھتے، آپ تفصيل ديكھنے كے ليے سوال نمبر (104163) كے جواب كا مطالعہ كريں.

دوم:

تلاش كرنے كے باوجود تو ہميں كوئى ايسا دعا نہيں ملی جو سائل نے بيان كي ہے كہ فرضی نماز كے بعد ماتھے پر ہاتھ ركھ كر پڑھی جاتی ہے.

شيخ ابن باز رحمہ اللہ سے درج ذيل سوال دريافت كيا گيا:

كچھ لوگ نماز ختم ہونے كے بعد اپنے ماتھے پر ہاتھ ركھ كر كوئى دعا پڑھتے اور كہتے ہيں كہ يہ سنت ہے، كيا ان كی يہ بات صحيح ہے ؟

شيخ رحمہ اللہ كا جواب تھا:

" ہمارے علم كے مطابق تو اس بات كی كوئى اصل نہيں ہے كہ نماز ختم ہونے كے بعد ماتھے پر ہاتھ ركھ كر كوئى دعا پڑھنے كی كوئى اصل اور دليل نہيں ہے " انتہى

ماخوذ از: فتاوی نور علی الدرب.

واللہ اعلم .